# Media Update

28 November 2024

# ILO

PRESS RELEASE

## Wage inequality has declined in two-thirds of countries worldwide since start of 21st Century

***Global real average wage growth has started to rise again as inflation progressively eases. Despite these positive outcomes, high levels of wage inequality remain, making it a pressing policy issue, ILO report finds.***

GENEVA (ILO News) – A new report from the International Labour Organization (ILO) reveals that wage inequality has decreased in about two-thirds of all countries since 2000. Despite this positive trend, significant wage differentials persist worldwide. The Global Wage Report 2024-25: is wage inequality decreasing globally?, finds that since the early 2000's, on average, wage inequality, which compares the wages of high and low wage earners, decreased in many countries at an average rate that ranged from 0.5 to 1.7 per cent annually, depending on the measure used. The most significant decreases occured among low-income countries where the average annual decrease ranged from 3.2 to 9.6 per cent in the past two decades.

Wage inequality is declining at a slower pace in wealthier countries, shrinking annually between 0.3 and 1.3 per cent in upper-middle-income-countries, and between 0.3 to 0.7 per cent in high-income countries. Moreover, even though wage inequality narrowed overall, decreases were more significant among wage workers at the upper end of the pay scale.

### Real wages rose globally but regional differences persist

The report also finds that global wages have been growing faster than inflation in recent times. In 2023, global real wages grew by 1.8 per cent with projections reaching 2.7 per cent growth for 2024, the highest increase in more than15

years. Such positive outcomes mark a notable recovery when compared to the negative global wage growth, of -0.9 per cent, observed in 2022, a period when high inflation rates outpaced nominal wage growth.

However, wage growth has been uneven across regions, with emerging economies experiencing stronger growth than advanced economies, the report finds. While advanced G20 economies registered a decline in real wages for two consecutive years (−2.8 per cent in 2022 and −0.5 per cent in 2023), real wage growth remained positive for both years in emerging G20 economies (1.8 per cent in 2022 and 6.0 per cent in 2023).

Regional wage growth patterns varied considerably. Wage workers in Asia and the Pacific, Central and Western Asia, and Eastern Europe experienced their real wage increases at a faster rate than those in other parts of the world, according to the report.

"The return to positive real wage growth is a welcome development," said ILO Director-General, Gilbert F. Houngbo. "However, we must not forget that millions of workers and their families continue to suffer from the cost-of-living crisis that has eroded their living standards and that wage disparities between and within countries remain unacceptably high."

**Persistent Wage Inequality**

Despite recent progress high levels of wage inequality remain a pressing issue. The report shows that globally, the lowest-paid 10 per cent of workers earn just 0.5 per cent of the global wage bill, while the highest-paid 10 per cent earn nearly 38 per cent of this wage bill. Wage inequality is the highest in low-income countries, with close to 22 per cent of wage workers there classified as low-paid.

Women and wage workers in the informal economy are more likely to be among the lowest paid. This finding reinforces the need for targeted actions to close wage and employment gaps and ensure fair wages for all wage workers.

Wage inequality is relevant in all countries and regions. Globally, however, one in every three workers is a non-wage worker. In most low- and middle-income countries the majority are self-employed workers, who can only find opportunities to earn a living in the informal economy. It is for this reason that the report broadens its analysis to include the self-employed in the case of low-

and middle- income countries. As a result, measured labour income inequality increases significantly in these regions, as compared to that measured based only on wages from wage workers.

"National strategies to reduce inequalities require strengthening wage policies and institutions," says Giulia De Lazzari, ILO Economist and one of the main authors of the report. "But equally important is to design policies that promote productivity, decent work and the formalization of the informal economy."

**Strengthening Wage Policies to Reduce Inequality**

The study emphasizes the need for targeted policies to foster inclusive economic growth.

The report concludes that reducing wage inequality requires both strong wage policies and structural support for equitable growth. By addressing these challenges countries can make real progress toward reducing wage gaps and promoting fair, sustainable, economic growth for workers worldwide.

**Key ILO recommendations include:**

**Setting wages through social dialogu**e: wages should be set and adjusted through collective bargaining or agreed minimum wage systems involving governments, workers and employers.

**Taking an informed approach:** wage-setting should take into account both the needs of workers and their families and economic factors.

**Promoting equality, and equal opportunity of treatment and outcomes:** wage policies should support gender equality, equity and non-discrimination.

**Using strong data:** decisions should be based on reliable data and statistics.

**Addressing root causes of low pay:** national policies should reflect each country's specific context and address the causes of low pay such as informality, low productivity and the under-valuing of jobs in sectors such as the care economy.

# اکیسویں صدی کے آغاز سے دنیا بھر کے دو تہائی ممالک میں اجرت کی عدم مساوات میں کمی آئی ہے۔

**افراط زر میں بتدریج کمی آنے کیساتھ، عالمی سطح پر حقیقی اوسط اجرت کی نمو میں اضافہ ہو رہا ہے۔ ان مثبت نتائج کے باوجود، اجرتوں میں عدم مساوات کی بلند سطح برقرار ہے، جو اسے پالیسی کا ایک اہم مسئلہ بناتی ہے - عالمی ادارہ محنت کی رپورٹ کا انکشاف**

جنیوا (آئی ایل او نیوز) - عالمی ادارہ محنت (آئی ایل او) کی ایک نئی رپورٹ سے ظاہر ہوتا ہے کہ سال 2000 کے بعد سے دنیا کے تقریباً دو تہائی ممالک میں اجرت کی عدم مساوات میں کمی آئی ہے۔ اس مثبت رجحان کے باوجود، پوری دنیا میں تنخواہوں میں بڑا فرق ابھی بھی برقرار ہے۔ **عالمی اجرت کی رپورٹ برائے سال 2024-2025: کیا عالمی اجرت کا فرق کم ہو رہا ہے؟،** سے پتہ چلا ہے کہ اجرت کی عدم مساوات، جو زیادہ اور کم اجرت حاصل کرنے والے کارکنان کی اجرتوں کا موازنہ کرتی ہے، استعمال شدہ پیمانوں کے حساب سے سال 2000 کی دہائی کے اوائل سے بہت سے ممالک میں سالانہ اوسطاً 0.5 سے 1.7 فیصد کی شرح سے کم ہوئی ہے۔۔ سب سے نمایاں کمی کم آمدنی والے ممالک میں دیکھنے میں آئی، جہاں گزشتہ دو دہائیوں میں اوسط سالانہ کمی 3.2 اور 9.6 فیصد کے درمیان پائی گئی ۔

امیر ممالک میں اجرت کی عدم مساوات کا فرق نسبتاً آہستہ آہستہ کم ہو رہا ہے، جہاں اعلیٰ متوسط آمدنی والے ممالک میں سالانہ 0.3 اور 1.3 فیصد کے درمیان ، اور زیادہ آمدنی والے ممالک میں 0.3 اور 0.7 فیصد کے درمیان کمی دیکھی گئی۔ مزید برآں، اگرچہ اجرت کی عدم مساوات میں مجموعی طور پر کمی واقع ہوئی ہے، لیکن تنخواہ کے پیمانے پربالائی سطح کے زیادہ اجرت لینے والے کارکنوں میں یہ کمی زیادہ واضح ہوئی ہے۔

**عالمی سطح پر حقیقی اجرتوں میں اضافے کے باوجود علاقائی فرق برقرار**

رپورٹ سے یہ بھی پتہ چلا ہے کہ حال ہی میں عالمی اجرتوں میں افراط زر کے مقابلے میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے۔ سال 2023 میں، عالمی حقیقی اجرتوں میں 1.8 فیصد اضافہ ہوا جس میں سال 2024 میں 2.7 فیصد تک اضافے کی توقع تھی، جو کہ 15 سال سے زائد کے گزشتہ عرصے میں سب سے بڑا اضافہ ہے۔ یہ مثبت نتائج سال 2022 میں دیکھی گئی 0.9 فیصد کی منفی عالمی اجرت کی شرح نمو کے مقابلے میں نمایاں بحالی کے عکاس ہیں، اور یہ وہ دور تھا جب افراط زر کی بلند شرح اجرت کی کمزور نمو کو پیچھے چھوڑ گئی تھی۔

تاہم، اجرتوں کی نمو مختلف علاقوں میں یکساں نہیں رہی۔ رپورٹ کے مطابق، ابھرتی ہوئی معیشتوں میں اجرتوں کی نمو ترقی یافتہ معیشتوں کے مقابلے میں زیادہ رہی ہے۔ گروپ G-20 کے ترقی یافتہ ممالک میں مسلسل دو سالوں تک (سال 2022 میں منفی 2.8 فیصد اور سال 2023 میں منفی 0.5 فیصد) حقیقی اجرتوں میں کمی دیکھی گئی ۔ اس کے برعکس، جی 20 کے ابھرتے ہوئے ممالک میں انہی دونوں سالوں میں (2022 میں 1.8 فیصد اور 2023 میں 6.0 فیصد) حقیقی اجرتوں کی نمو مثبت رہی۔

علاقائی سطح پر اجرتوں کی نمو کے طریقے اور انداز بہت مختلف تھے۔ رپورٹ کے مطابق، ایشیا اور بحر الکاہل، وسطی اور مغربی ایشیا، اور مشرقی یورپ کے محنت کشوں نے حقیقی اجرتوں میں دیگر دنیا کے مقابلے میں زیادہ تیزی سے اضافہ دیکھا۔

عالمی ادارۂ محنت کے ڈائریکٹر جنرل، گلبرٹ ایف ہونگبو، کا کہنا تھا کہ:

"حقیقی اجرتوں میں مثبت نمو کی واپسی خوش آئند پیش رفت ہے۔ تاہم، ہمیں یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ لاکھوں محنت کش اور ان کے خاندان اب بھی بڑھتی ہوئی مہنگائی اور زندگی کے ناقابل برداشت اخراجات کے بحران سے دوچار ہیں، جس نے ان کے معیارِ زندگی کو شدید متاثر کیا ہے، جبکہ مختلف ممالک کے درمیان اور ان کے اندر اجرتوں میں فرق ناقابل قبول حد تک زیادہ ہے۔"

**اجرتوں میں مسلسل عدم مساوات**

حالیہ پیشرفت کے باوجود، اجرتوں میں عدم مساوات کی اعلی سطح اب بھی ایک اہم مسئلہ بنی ہوئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق، دنیا بھر میں انتہائی کم اجرت حاصل کرنیوالے 10 فیصد کارکنان عالمی اجرتوں کا صرف 0.5 فیصد حصہ کما رہے ہیں، جبکہ سب سے زیادہ کمانے والے 10 فیصد کارکنان کل اجرت کا تقریباً 38 فیصد حصہ حاصل کر رہے ہیں۔ اجرتوں میں عدم مساوات کم آمدنی والے ممالک میں سب سے زیادہ ہے، جہاں تقریباً 22 فیصد محنت کشوں کو کم اجرت والے درجے میں رکھا جاتا ہے۔

خواتین اور غیر رسمی معیشت میں کام کرنے والے اجرتی مزدوروں کا کم اجرت والے افراد میں شامل ہونے کا زیادہ امکان ہوتا ہے۔ مطالعے کے یہ نتائج اجرتوں اور روزگار میں عدم مساوات کو کم کرنے کے لئے مطلوبہ اقدامات کی ضرورت کو اجاگر کرتے ہیں اور تمام مزدوروں کے لیے منصفانہ اجرت یقینی بنانے کے لیے اقدامات کی ضرورت پر زور دیتے ہیں۔

اجرتوں کی عدم مساوات کا مسئلہ تمام ممالک اور خطوں کیلئے اہمیت کا حامل ہے۔ تاہم عالمی سطح پر، ہر تین میں سے ایک محنت کش غیر اجرتی ہوتا ہے۔ زیادہ تر کم اور درمیانی آمدنی والے ممالک میں، خود روزگار افراد اکثریت میں ہیں، جو روزگار کے مواقع نہ ملنے کی وجہ سے غیر رسمی معیشت میں کام کرنے پر مجبور ہیں۔

یہی وجہ ہے کہ رپورٹ نے اپنے تجزیے کو وسعت دی ہے تاکہ کم اور درمیانی آمدنی والے ممالک کے معاملے میں سیلف ایمپلائڈ یا خود روزگار کارکنان کو بھی شامل کیا جا سکے۔ نتیجتاً، اگر صرف اجرت والے کارکنوں کی اجرت پر مبنی پیمانوں سے موازنہ کیا جائے تو ان خطوں میں ماپی گئی مزدوروں کی آمدنی میں عدم مساوات نمایاں طور پر بڑھ جاتی ہے۔

گیولیا ڈی لازاری ، عالمی ادارۂ محنت کی ماہرِ اقتصادیات اور رپورٹ کی شریک مصنفہ، کہتی ہیں:

"عدم مساوات میں کمی لانے کیلئے ،قومی حکمتِ عملی کے ذریعے اجرت کی پالیسیوں اور اداروں کو مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔ لیکن اسکے ساتھ ساتھ یہ بھی اہم ہے کہ ایسی پالیسیاں تشکیل دی جائیں جو پیداواری صلاحیت، باوقار روزگار، اور غیر رسمی معیشت کو رسمی بنانے کے اقدامات کو فروغ دیں۔"

**عدم مساوات کو کم کرنے کیلئے اجرت کی پالیسیوں کو مضبوط بنانا**

رپورٹ میں ہمہ جہتی معاشی ترقی کو فروغ دینے کے لیے مخصوص پالیسیوں کی ضرورت پر زور دیا گیا ہے۔

رپورٹ کے مطابق، اجرتوں میں عدم مساوات کو کم کرنے کے لیے اجرت کی مضبوط پالیسیوں کیساتھ ساتھ، منصفانہ ترقی کے لیے ساختی معاونت کی بھی ضرورت ہے۔ ان مشکلات سے نمٹ کر ہی، دنیا کے ممالک اجرتوں کے فرق کو کم کرنے اور دنیا بھر کے محنت کشوں کے لیے منصفانہ اور پائیدار معاشی ترقی کے حصول کی جانب حقیقی پیش رفت کر سکتے ہیں۔

**عالمی ادارۂ محنت کی اہم تجاویز میں درج ذیل نکات شامل ہیں:**

1. **سماجی مکالمے کے ذریعے اجرتوں کا تعین:**
اجرتوں کا تعین اور ان میں ترمیم اجتماعی سوداکاری یا کم از کم اجرت کے ایسے نظام کے ذریعے کی جانی چاہیے، جو حکومتوں، محنت کشوں، اور آجروں کی شمولیت پر مبنی ہو۔
2. **معلومات پر مبنی نکتہ نظر اختیار کرنا:**
اجرتوں کا تعین کرنے کے عمل میں، محنت کشوں اور ان کے خاندانوں کی ضروریات اور (متعلقہ) معاشی عوامل کو مدنظر رکھا جانا چاہیے۔
3. **مساوات اور مساوی سلوک کے یکساں مواقع کا فروغ:**
اجرت کی پالیسیوں کو صنفی مساوات، برابری، اور عدم امتیاز کی حمائیت کرنی چاہیے۔

4. **معتبر اعدادو شمار کا استعمال:**
تمام فیصلے معتبر اعدادوشمار اور قابلِ بھروسہ معلومات پرمبنی ہونے چاہییں۔

5. **کم اجرت کی بنیادی وجوہات سے نمٹنا:**
اس حوالے سے تشکیل دی جانیوالی قومی پالیسیاں ہر ملک کے مخصوص سیاق و سباق اور حالات کی عکاسی کریں اور کم اجرت کی متعلقہ وجوہات جیسے غیر رسمی کام، کم پیداوار، اور نگہداشت کی معیشت جیسے شعبوں میں کام کی کم قدر کے مسائل کے حل پر توجہ دیں۔

*For further information please contact:*

***Muhammad Numan***
***Communication Officer***
*Email: numan@ilo.org*
*Mobile: +92 303 5000041*

***

# WFP
## NEWS

Hi media colleagues,

Below is new video content showing the conditions in Gaza as people struggle to survive another winter living in makeshift shelters when the amounts of food assistance reaching Gazans are at their lowest levels in a year. With almost all Gazans displaced, the heavy rain and wind is damaging the makeshift shelters. This is despite WFP's efforts to continue delivering whatever it can in the face of severe restrictions on truck movements and a breakdown of law and order. Meanwhile, WFP-supported bakeries across the Strip are shut or risk closure daily due to the lack of wheat flour and fuel.
The lower aid supply comes as harsh winter conditions add to the challenges faced by Palestinians already suffering weakened immunity and malnutrition.

Download video, shotlist and info here: https://spaces.hightail.com/receive/Pn3iti613G

I hope you find useful!

**Shotlist/Info:**
**WFP News Video: Hungry and Homeless-Gazans Face Another Winter**
**Shot: 14-27Nov24**
**Gaza/Jerusalem**
**TRT: 2:02**

**:00-:25**
**Heavy winds hit camps for displaced Gazans**
As Gazans struggle to survive another winter living in makeshift shelters the amounts of food assistance reaching Gazans are at their lowest levels in a year. With almost all Gazans displaced, the heavy rain and wind is damaging the makeshift shelters. Many children are without shoes.
**Deir Al balah, Gaza**
**Shot: 24Nov24**

**:25-:30**
**People waiting outside bakery**
WFP-supported bakeries across the Strip are shut or risk closure daily due to the lack of wheat flour and fuel.
**Khan Younis, Gaza**
**Shot: 18Nov24**

**:30-:43**
**SOT Abu Muhammad (Arabic)**
**"**We are displaced from the north. I am coming from Al Rimal area. I have three kids; the oldest is 11 and the youngest is a year and three months. I swear that I feed them bread and tea. If I go home without this bread bundle, my kids would starve to death"
**Khan Younis, Gaza**
**Shot: 18Nov24**

**:43-:49**
**People waiting outside bakery**
**Khan Younis, Gaza**
**Shot: 18Nov24**

**:49-1:10**
**SOT Antoine Renard, WFP Palestine Country Director (English):**
"The levels of hunger, devastation and destruction we are seeing now in Gaza is worse than ever before. People cannot cope anymore. There is barely any food coming in while markets are empty. Now with the rain and winter sweeping away tents, it is a daily struggle for survival."
**Jerusalem**
**Shot:27Nov24**

**1:10-2:02**
**WFP Hotmeals Distribution**
Despite the mounting challenges, WFP has reached around 815,000 people with some form of aid in November. About half a million people received a single food parcel considered to be one third of the normal monthly ration, while around 300,000 have received hot meals.
**Khan Younis, Gaza**
**Shot: 18Nov24**

**ENDS**

**Info:**

- The escalating conflict in the North and breakdown of public order in the South risk tipping Gaza into famine.
- Gaza is currently facing unacceptable levels of food insecurity : no fresh food (fruit, vegetables, meat, fish), empty shops, bakeries nearly non-operable (lack of fuel/flour).
- The humanitarian response in Gaza is nearing collapse as the threat of famine gets closer. The breakdown of law and order and disregard for international humanitarian principles are placing humanitarian staff, operations and the people of Gaza at increasing risk
- WFP and partner humanitarian agencies need solutions that address the breakdown of law and order, and for all parties to uphold their obligations under international humanitarian law to allow for the safe passage of aid.
- Food security in Gaza is worsening with people becoming more vulnerable by the day. November is the third month in a row where more than half the population who rely on WFP assistance did not receive it. Barely any food has gone into North Gaza for 50 days.

| | |
|---|---|
| Amount of food WFP was able to bring into Gaza in November | 26 percent of WFP needs (7900 metric tons). |
| Proportion of population expected to be in crisis levels of food insecurity, or worse, from November according to latest IPC | More than 90 percent |
| Number of people expected to face catastrophic hunger, risking death | More than 300,000 |
| Funding requirement for the next six months (for Gaza + WB) | US$179 million |

The information contained in this electronic message and any attachments is intended for specific individuals or entities, and may be confidential, proprietary or privileged. If you are not the intended recipient, please notify the sender immediately, delete this message and do not disclose, distribute or copy it to any third party or otherwise use this message. The content of this message does not necessarily reflect the official position of the World Food Programme. Electronic messages are not secure or error free and may contain viruses or may be delayed, and the sender is not liable for any of these occurrences. The sender reserves the right to monitor, record and retain electronic messages.